# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov


**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2026/** 2373
**Date: 10th February, 2026**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 81st, 82nd, 83rd, 84th and 85th groups as at Annexure-II will be taken-up on 16th, 17th, 18th, 19th & 20th February, 2026, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:-www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-IX**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The A.P.S to Secretary , Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Secretary.
13. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
14. The Deputy Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
15. The Deputy Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.

**ASSISTANT SECRETARY-IX**

**ANNEXURE-I**

**ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 81st | Monday 16th February, 2026 | • Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 82nd | Tuesday 17th February, 2026 | • Food<br>• Information & Public Relation<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 83rd | Wednesday 18th February, 2026 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Public Health Engineering |
| 84th | Thursday 19th February, 2026 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs |
| 85th | Friday 20th February, 2026 | • Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 81واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 16 فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:42 PM - Fri
**سوال نمبر Question # 1765**
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے محکمہ آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی نے آبی گزرگاہوں اور سیلابی نالوں پر سیلاب سے بچاؤ کے لیے حفاظتی بند تعمیر کیے ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ تفصیل فراہم کی جائے کہ موجودہ حکومت نے ضلع ہری پور میں کن کن مقامات پر حفاظتی بند تعمیر کیے ہیں اور ان پر کتنا خرچ آیا ہے؟ سکیم وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 17, 2025 -- 01:30 PM - Wed
**سوال نمبر Question # 1828**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ خدیجہ بی بی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زکواۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع چترال میں کل کتنے خواتین دستکاری سنٹرز موجود ہیں؟ اور کہاں کہاں پر واقع ہیں اس میں کتنے سنٹر فنکشنل اور کتنے نان فنکشنل ہیں؟

(ب) مذکورہ فنکشنل سنٹرز میں جو افراد کام کر رہے ہیں اور موجودہ وقت ڈیوٹی پر تعینات ہیں ان کے نام، پتہ، ڈومیسائل، جائے تعیناتی، پوسٹ، BPS اور حاضری کی فرداً علیحدہ علیحدہ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) نیز جو سنٹرز موجودہ وقت نان فنکشنل ہیں اس کی وجوہات بتائی جائیں اور یہ کب تک فنکشنل ہو گی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 25, 2025 -- 10:55 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 1840**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے محکمہ آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی میں 12 ستمبر 2025ء کو دو چیف انجینئرز کی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس تعیناتی کے لیے ایک سمری پیش کی گئی تھی جس میں محکمہ کے سینئر و جونیئر افسران کے نام شامل کیے گئے تھے؟

(ج) اگر حصہ (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں، تو درج ذیل تفصیلات مہیا کی جائیں:-

1۔ مذکورہ تعیناتیوں کی مکمل فہرست

2۔ سکیل 20 اور 19 کے افسران کی سینیارٹی لسٹ

3۔ مذکورہ تعیناتیوں کے متعلقہ قواعد و ضوابط کی مکمل تفصیل

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:42 PM - Wed
**سوال نمبر Question # 1953**
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2020 سے لیکر 2025 تک صوبائی حکومت نے مختلف غیر ملکی قرضے حاصل کیے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) قرضوں کی نوعیت اور شرائط کیا تھیں؟ ہر قرضے کی رقم معاہدہ کی تاریخ قرض دینے والا ادارہ (ایشیائی ترقیاتی بینک، عالمی بینک، یا دیگر)، مارک اپ / شرح سود اور ادائیگی کا شیڈول فراہم کیا جائے۔

(ii) مذکورہ قرضہ کی رقم کن کن شعبہ جات کیلئے مختص کی گئی ہے اور ان میں سے کتنی خرچ ہوئی؟ شعبہ وار تقسیم اور خرچ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 82واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 17 فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:41 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1668**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر اطلاعات و تعلقات عامہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 سے 2024 ستمبر تک محکمہ میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) آیا ان بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟ اگر کوٹہ موجود تھا تو کتنا تھا اور اس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یا نہیں اور کتنی سیٹیں تاحال خالی ہیں؟

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اور پتہ فراہم کی جائیں۔ نیز اقلیت، خواتین اور معذور جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں ۔ ان کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:44 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1665**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر اطلاعات و تعلقات عامہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اطلاعات خیبر پختونخوا نے صوبائی حکومت کی پبلسٹی اور ترقیاتی کاموں کے لیے مختلف اخبارات کو اشتہارات جاری کئے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے اخبارات کے ساتھ ساتھ الیکٹرانک میڈیا کو بھی اشتہارات جاری کئے ہیں جبکہ صوبائی حکومت کی پبلسٹی مہم ایڈورٹائزنگ ایجنسی کے ساتھ ساتھ الیکٹرانک میڈیا کو بھی اشتہارات جاری کئے ہیں اور پبلسٹی مہم ایڈورٹائزنگ ایجنسی کے ذریعے بھی چلائی؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2018 سے تاحال جن جن اخبارات کو ٹینڈر اور ڈسپلے اشتہار جاری کئے ان کے نام اور ان کی ادائیگیوں کی الگ الگ سالانہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز صوبائی حکومت نے جن الیکٹرانک اداروں اور ایجنسیوں کے ذریعے پبلسٹی کے لیے اشتہارات جاری کئے ان کے نام اور ادائیگیوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 12:30 PM - Tue
**سوال نمبر Question # 1740**
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تعلیمی سال 2024-25 میں صوبہ بھر کے تمام تعلیمی بورڈز کے تحت سرکاری و نجی سکولوں کے نویں اور میٹرک سالانہ امتحانات منعقد ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 2024-25 میں مجموعی کامیابی کا تناسب (فیصد) کیا رہا؟ اور ضلع وار کامیابی کا تناسب کیا ہے؟

(ii) سرکاری اور نجی سکولوں کی کامیابی کا تناسب (فیصد) علیحدہ علیحدہ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:39 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1723**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لکی مروت میں ٹوٹل کتنے پرائمری، مڈل اور ہائی سکولز ہیں؟ اور ان میں سے کتنے پرائمری، مڈل اور ہائی سکولز بند پڑے ہیں؟ بند سکولوں کی بندش کی وجوہات بتائی جائیں اور حکومت بند سکولوں کو کب تک فنکشنل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:45 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1724**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لکی مروت میں مختلف کیڈرز کے اساتذہ کی موجودہ تعداد کتنی ہے اور کتنی آسامیاں خالی ہیں؟

(ب) مذکورہ خالی آسامیوں کو پُر کرنے اور اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کیلئے اب تک کیااقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

(ج) مذکورہ خالی آسامیوں پر محکمہ کب تک اساتذہ بھرتی کرنے کاارادہ رکھتا ہے؟

(د) جن سکولوں میں اساتذہ اپنے فرائض میں غفلت کے مرتکب ہو رہے ہیں جس سے سکولوں کی استعداد کار میں کمی آرہی ہے، ان کے خلاف کیاتادیبی کاروائی عمل میں لائی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 09, 2025 -- 04:45 PM - Tue
**سوال نمبر Question # 1820**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی کی باڑہ گلی کیمپس میں سیزن کے دوران کئی دوسری یونیورسٹیوں کے بھی مختلف تعلیمی پروگرامز منعقد ہوتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہزارہ ڈویژن میں موجود یونیورسٹیوں کے بھی اسی کیمپس میں تعلیمی پروگرام منعقد ہوتے ہیں یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کرے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:12 AM - Fri
**سوال نمبر Question # 1825**
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حالیہ سیلابی تباہ کاریوں کے بعد صوبے میں غذائی قلت اور گرانفروشی کے مسائل پیدا ہوئے ہیں یا ہونے کا اندیشہ ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ بتایا جائے کہ ان مسائل سے نمٹنے کے لیے محکمہ خوراک نے کیااقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:13 AM - Fri
**سوال نمبر Question # 1836**
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اعلیٰ تعلیم ڈگری کالجز میں بی ایس پروگرام کا سلسلہ ختم کرکے اسے صرف یونیورسٹیز تک محدود کرنے کا جارہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے کے کون کونسے ڈگری کالجز سے بی ایس پروگرام ختم کئے جارہی ہے نیز اسکی ختم کرنے کی وجوہات سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 29, 2025 -- 11:30 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1868**
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا درست ہے کہ صوبے کے مختلف بورڈز آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے نویں اور دسویں کے امتحانات کے پرچوں کی مارکنگ بہت سخت کی گئی تھی؟ جس میں کوہاٹ بورڈ کی مارکنگ سارے بورڈز سے بہت سخت تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے اسکی جانچ پڑتال کے لیے ایک subject Specific Appraisal کمیٹی بنائی تھی؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس کمیٹی کی ہدایت کی روشنی میں کوہاٹ بورڈ نے ٹاپ 70 طلباء کے پرچوں کی Post-evaluation remarking کی تھی؟

(د) اگر (الف) اور (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) کوہاٹ بورڈ کے ٹاپ 70 طلباء کے نام اور ان سب کو کتنے اضافی نمبرات دیئے گئے؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) آیا واقعی ٹاپ 70 امیداروں کے پرچے دوبارہ جانچ کیے گئے ہیں یا ان میں بھی کسی قسم کی پسند وناپسند (Favoritism) سے کام لیا گیا؟

(iii) نیز صرف انہی 70 امیداروں کو جو رعایت یا ریلیف فراہم کیا گیا ہے۔ وہ کس قانون یا ضابطہ جاتی بنیاد پر دیا گیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 06, 2025 -- 12:42 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1873**
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی حکومت نے سال 2019 سے 2024 تک PK70 اور PK71 میں کتنے سکولوں کو پرائمری سے مڈل، مڈل سے ہائی، ہائی سے ہائیر سیکنڈری کو اپ گریڈ کیا؟ نیز اسی دوران مذکورہ حلقوں میں کتنے نئے سکول قائم کئے گئے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:35 PM - Fri
**سوال نمبر Question # 1999**
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا صوبائی وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور کے گرلز اور بوائز کالجز کا کچھ کلاس فور سٹاف ضلع کے دیگر محکموں یا افسران کے دفاتر میں تعینات ہے، جس کے باعث متعلقہ کالجز میں سٹاف کی کمی کا سامنا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) ضلع ہری پور کے گرلز اور بوائز کالجز میں سکیل 1 سے سکیل 10 تک کل کتنا عملہ تعینات ہے؟ ان کے نام، عہدہ، سکیل، پتہ، تعیناتی کی جگہ اور مدتِ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) وہ ملازمین جو کالجز کے بجائے دیگر محکموں یا افسران کے دفاتر میں تعینات ہیں، ان کی تفصیل بھی فراہم کی جائے، نیز یہ وضاحت کی جائے کہ ان کی تعیناتی کس انتظامی حکم کے تحت کی گئی۔

**Notice Date :** Oct 14, 2025 -- 01:01 PM - Tue
**سوال نمبر Question # 1996**
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہِ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ اکتوبر 2025ء میں، خیبر پختونخوا میں 20 کلو آٹے کی قیمت 2700 سے 2800 روپے تک تھی؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ پنجاب میں 20 کلو آٹے کی قیمت 1600 سے 1700 روپے تک ہے؟

(ج) اگر حصے (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو براہِ کرم یہ وضاحت فرمائی جائے کہ خیبر پختونخوا میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے کی وجوہات کیا ہیں، اور حکومت نے گندم کی خریداری اور آٹے کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے کیا اقدامات کیے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 17, 2025 -- 02:32 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1905**
**Sent to Dept Date:** Dec 01, 2025 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں کئی سالوں سے گرلز گائیڈ ایسوسی ایشن کی کوئی ایکٹیوٹی نہیں ہوئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو؛

(i) گرلز گائیڈ ایسوسی ایشن کے نام پر تعلیمی ادارے ہر سال طالبات سے فیس کی مد میں کتنے پیسے وصول کرتے ہیں؟

(ii) اگر صوبے میں گرلز گائیڈ ایسوسی ایشن کی کوئی ایکٹیوٹی نہیں ہوئی تو اس فنڈ کو کہاں استعمال کیا جا رہا ہے؟؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 04, 2025 -- 10:25 AM - Thu
سوال نمبر **Question # 1916**
**Sent to Dept Date:** Dec 10, 2025 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر اطلاعات وتعلقات عامہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں معلومات تک رسائی کا قانون نافذ العمل ہے ؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گذشتہ دو برسوں میں صوبہ بھر کے سرکاری محکموں میں Right to Information Act موثر عملدرآمد کیلئے کمیشن نے کن اصلاحاتی اقدامات، ٹریننگ پروگرامز، نوٹسز، معائنوں اور جرمانوں کا اطلاق کیا مکمل تفصیل فراہم کی جائیں

(ii) اٹھائے گئے اقدامات کے نتیجے میں کن محکموں کی کارکردگی میں بہتری یا کمی سامنے آئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

(iii) صوبے کے عوام میں RTI کے بارے میں آگاہی بڑھانے کیلئے کونسی awareness مہمات چلائی گئیں؟ تفصیل فراہم کرے۔

**Notice Date :** Dec 10, 2025 -- 04:41 PM - Wed
سوال نمبر **Question # 1923**
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہِ کرم وزیر برائے محکمہ خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع خیبر میں محکمہ خوراک کے دفاتر موجود ہیں؟ اگر مذکورہ دفاتر ضلع خیبر میں موجود نہیں ہے تو براہِ کرم یہ وضاحت فرمائی جائے کہ صوبائی حکومت ضلع خیبر میں محکمہ خوراک کے دفاتر کے قیام کے لیے کیا اقدامات کر رہی ہے ؟

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:24 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 2023**
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں طلباء وطالبات کی تعداد کتنی ہے ؟ ہر ضلع کی سکول وائز تعداد فراہم کی جائے۔

(ب) جن سکولوں میں طلباء وطالبات کی تعداد مطلوبہ تعداد سے کم ہے وہاں حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے ؟

(ج) جو بچے سکولوں میں داخل نہیں ہیں ان کو تعلیم کی طرف راغب کرنے کے لیے حکومت کی کیا پالیسی ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 83واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 18 فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:19 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1460**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جنوری 2025 میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ کے زیر نگرانی مختلف سکیمیں مکمل ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں کے لئے زمین کن افراد نے دی ہے؟ الاٹ شدہ زمین حکومت یا محکمہ ہذا کے نام پر منتقل ہوئی ہے یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:20 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1562**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈیڈک ایکٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں چیئرمینوں کا انتخاب کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب کر لیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کا جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے کے کتنے اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب عمل میں لایا جاچکا ہے؟۔

(ii) کتنے اضلاع میں مذکورہ ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب تاحال عمل میں نہیں لایا گیا وجوہات بیان کی جائیں -

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:39 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 2016**
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے محکمۂ بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) تحصیل ہری پور میں ٹی ایم اے نے سال 2023 سے 2025 تک کل کتنے پراجیکٹس / سکیمیں شروع کیں؟ ان پراجیکٹس / سکیموں کے نام، تخمینہ لاگت، جس مقام پر سکیم لگائی گئی، مدتِ تکمیل اور تکمیل کی تاریخ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ عرصہ کے دوران شروع کی گئی وہ سکیمیں جو تاحال مکمل نہیں ہوئیں یا جن پر کام جاری ہے، ان کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز مقررہ مدت کے اندر سکیم مکمل نہ ہونے کی وجوہات بھی بتائی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:44 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 2018**
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع ہری پور کی تینوں تحصیلوں کی ٹی ایم ایز میں کل کتنا سٹاف موجود ہے، اور وہ کہاں کہاں تعینات ہیں؟

نیز، ہر ملازم کا نام، پتہ، عہدہ، تعیناتی کی جگہ اور عرصۂ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 30, 2025 -- 10:22 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1871**
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پھنڈو سبزی منڈی میں ایک انتظامی کمیٹی موجود ہے۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) اس کمیٹی کا سلیکشن ہوتا ہے یا الیکشن؟ موجودہ کمیٹی کا سلیکشن یا الیکشن کب ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کرے

(ii) 2018 اور 2022 میں کمیٹی کا سلیکشن ہوا یا الیکشن مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 30, 2025 -- 10:23 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1821**
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرزراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ پہلے صرف دوکانداروں سے کرایہ وصول کیا جاتا تھا؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تواب منڈی میں انتظامیہ کی ملی بھگت سے کچھ بد معاش لوگ نہ صرف ریڑھی بانوں سے بلکہ ہاتھ گاڑیوں سے اچھا بڑی بانوں سے بھی کلنگ غنڈہ ٹیکس کیوں وصول کرتے ہیں؟ جس میں چیئرمین کا پورا حصہ ہوتا ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کرے۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 11:52 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 2005**
**Sent to Dept Date:** Jan 12, 2026 - Mon
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات،الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ایڈوائزری کمیٹی قائم ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ ترقیاتی سکیموں اور دوسری سرگرمیوں کیلئے فنڈز ڈیڈک کے ذریعے تقسیم ہوتے ہیں جس کیلئے باقاعدہ ڈیڈک میٹنگ منعقد ہوتی ہیں؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)موجودہ حکومتوں کے دوران ڈیڈک مردان نے کل کتنے اجلاس منعقد کیے ہیں؟ ہر میٹنگ کے میٹنس کی کاپی مہیا کی جائے۔

(ii)ڈیڈک کے ذریعے مذکورہ ادوار میں کل کتنا فنڈ تقسیم کیا گیا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)مذکورہ ادوار میں کتنے ترقیاتی سکیمیں منظور کی گئیں ہر سکیم کی علیحدہ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Nov 25, 2025 -- 12:49 PM - Tue
**سوال نمبر Question # 1914**
**Sent to Dept Date:** Dec 15, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات،الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبائی کابینہ کے بیسویں اجلاس میں ضم شدہ اضلاع (NMDS) کے لیے جاری کردہ "اسپیشل گرانٹ" کو تقریباً 711 ویلیج کونسلز (VCs) اور نیبرہڈ کونسلز (NCs) کے اکاؤنٹس میں منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو کابینہ کے فیصلے کے برعکس مذکورہ گرانٹ کو کس قانون کے تحت "اکاؤنٹ فور" میں منتقل کرکے خرچ کیا جارہا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 10, 2025 -- 10:20 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 1920**
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ مواصلات وتعمیرات میں گریڈ 18 اور گریڈ 17 کے افسران کی تعداد کتنی ہے ان میں سے کتنے افسران XEN کے عہدے اور کتنے مختلف دفتری عہدوں پر فرائض انجام دے رہے ہیں؟ تفصیل فراہم کیا جائے نیز گریڈ 17 کے کتنے افسران گریڈ 18 کے عہدوں پر (Own Pay Scale) پر کام کررہے ہیں؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Dec 12, 2025 -- 12:00 PM - Fri
**سوال نمبر Question # 1962**
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات،الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ خیبر پختونخواسٹیز امپرومنٹ پراجیکٹ (KPCIP) کے تحت پشاور، ایبٹ آباد، کوہاٹ، مردان اور مینگورہ میں مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے؟

(ب)اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)مذکورہ بالا اضلاع میں پانی کی فراہمی، سیوریج، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اور اربن ٹرانسپورٹ کے منصوبوں میں اب تک حاصل شدہ فزیکل پراگریس بشمول جاری شدہ اور خرچ شدہ فنڈز کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)منصوبوں میں تاخیر کی وجوہات اور حکومت کی جانب سے بروقت تکمیل کے حوالے سے لیے گئے اقدامات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔ نیز یہ بھی بتایا جائے کہ یہ پروگرام کن کن منصوبوں کے تحت چلایا جارہا ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 84واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 19 فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:09 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1383**
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر عملہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال 2021-22 اور 2023-24 میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈز ملے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سال میں ملنے والی رقم کو کہاں پر کتنا کتنا خرچ کیا گیا اور کتنے فنڈز مختص ہوئے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:10 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1379**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخواہ کے بیشتر ہسپتالوں میں عوام کا علاج صحت کارڈ پر ہو رہا ہے ؟

(ب) اگر ( الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:۔

(i) اب تک کتنے مریضوں کا علاج صحت کارڈ پر ہوا ہے ؟

(ii) اب تک عوام کے علاج معالجے پر کتنی رقم خرچ ہوئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:00 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1560**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر کھیل و امور نوجوانان از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور میں واقع حیات آباد سپورٹس کمپلیکس اور ارباب نیاز کرکٹ اسٹیڈیم کی توسیع اور تزئین و آرائش کا کام عرصہ دراز سے جاری ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) دونوں منصوبے کے لیے کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟ ان منصوبوں پر توسیع کا کام کب شروع ہوا؟

(ii) تا حال دونوں منصوبوں پر ہونے والے اخراجات کی مکمل اور الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) نیز ارباب نیاز کرکٹ اسٹیڈیم پشاور میں امسال PSL کے میچز کا انعقاد حکومت کے زیر غور ہے یا نہیں ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:02 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1400**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2018-19، 2019-20 اور 2020-21 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے منصوبہ بندی کی گئی تھی؟

ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مالی سال 2018-19، 2019-20 اور 2020-21 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے کتنے نئے منصوبے شروع / منظور کئے گئے تھے ؟

(ii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال 2018-19 اور 2019-20 کے دوران جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصل، کام کی نوعیت اور مدت تکمیل کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(iii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال 2018-19 اور 2019-20 میں جاری منصوبوں کا تخمینہ لاگت کتنا ہے اور ضلع کے کون کونسے حلقوں میں

یہ منصوبے جاری ہیں تمام منصوبوں کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے

(iv) مالی سال 21-2020 کے نئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے جو نئے منصوبے شامل ہوئے ہیں ان کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:03 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1442**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) وفاقی اور صوبائی سروسز آفیسرز کی تعیناتی کس فارمولے اور کس طریقہ کار کے تحت کی جاتی ہے؟

(ب) مذکورہ آفیسرز کی فیلڈ پوسٹنگز کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:04 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1473**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ پی اینڈ ڈی کو مالی سال 25-2024 کی اے ڈی پی میں کل کتنے پروجیکٹس ملے ہیں؟

(ب) کیا مذکورہ پروجیکٹس پلاننگ کمیشن کی گائیڈ لائنز کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل نہیں کیے جاسکے ہیں اور ان میں مزید کتنے پروجیکٹس کو ایکسٹینشن دی گئی ہیں یا دوبارہ ریوائیزڈ کئے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:24 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1629**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ اور قبائلی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پولیس کے بہادر جوان دوران ڈیوٹی شہید ہو جاتے ہیں ان کے ورثاء کو شہدا پیکیج دیا جاتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پولیس شہدا پیکج کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:25 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1630**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ و قبائلی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ذخیرہ اندوزی (Black Marketing)) کے تحت جرم کرنے والوں سے کتنا جرمانہ وصول کیا گیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:49 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1788**
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ اباد میں کتنے بی ایچ یوز اور کتنی ڈسپنسریز موجود ہیں؟

(ب) کتنے RHC ہیں؟ اور کتنی سول ہسپتال ہیں؟ نام اور مقام بتائیے۔ ان میں ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف کی کتنی آسامیاں خالی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:53 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1759**
**Sent to Dept Date:** Sep 08, 2025 - Mon
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی ایچ کیو بے نظیر شہید ہسپتال ایبٹ آباد میں فری دوائیں اور انجیکشن مہیا کی جاتی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اسکا طریقہ کار کیا ہے؟ اور دوائیوں کی مد میں ایل پی یا کمپنیوں سے ملنے والے فنڈز کے استعمال میں شفافیت کو کس طرح یقینی بنایا جارہا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:20 PM - Fri
**سوال نمبر Question # 1802**
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ فائزہ ملک صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیرِ کھیل واُمورِ نوجوانان از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ بھر میں محکمہ اُمورِ نوجوانان کے تحت اب تک کتنے یوتھ سینٹرز قائم کئے گئے ہیں؟

(ب) گزشتہ دس برسوں میں ان مراکز کے لیے کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ اور کتنا خرچ کیا گیا ہے؟

(ج) کیا صوبائی حکومت ان یوتھ سینٹرز کو جدید تکنیکی و پیشہ ورانہ تربیتی پروگرامز شروع کرنے کے لئے کوئی جامع حکمتِ عملی بنا رہی ہے، تا کہ صوبہ کے نوجوان عملی زندگی کے تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر قومی و صوبائی ترقی میں فعال کردار ادا کر سکیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:31 PM - Fri
**سوال نمبر Question # 1760**
**Sent to Dept Date:** Sep 11, 2025 - Thu
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیرِ داخلہ و قبائلی امور از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہری پور میں جیل موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) مذکورہ جیل میں کتنی تعداد میں قیدی موجود ہیں؟

(ii) مذکورہ جیل میں قیدیوں کو رکھنے کے لئے بیرک کی تعداد کتنی ہے نیز ہر ایک بیرک میں زیادہ سے زیادہ کتنی تعداد میں قیدیوں کو رکھا جا سکتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:32 PM - Fri
**سوال نمبر Question # 1801**
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیرِ داخلہ و قبائلی اُمور از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہری پور سنٹر جیل اور ایبٹ آباد ڈسٹرکٹ جیل میں مریض قیدیوں کی دیکھ بھال کے لئے مردانہ اور زنانہ ڈاکٹرز تعینات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ جیلوں میں تعینات ڈاکٹرز کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2025 -- 03:01 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 1824**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیرِ صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر ٹیچنگ ہسپتال پشاور میں لوکل پرچیز (LP) کی جا رہی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال میں لوکل پرچیز کس قانون یا قواعد و ضوابط کے تحت کی جا رہی ہے نیز یہ ٹھیکہ کن افراد یا کمپنیوں کو دیا گیا؟ اور وہ کس قانون و ضوابط کے تحت آلاٹ کیا گیا؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:00 AM - Fri
**سوال نمبر Question # 1845**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے عملہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت پشاور میں کتنے اسسٹنٹ کمشنرز اور ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز تعینات ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:01 AM - Fri
**سوال نمبر Question # 1844**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے عملہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع پشاور میں ضلعی انتظامیہ کے افسران خصوصاً ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کے اختیارات اور ذمہ داریاں کیا ہیں؟ نیز انکی حدود و قیود کیا ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 85واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 20 فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 04:30 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1709**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات وجنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ماحولیات نے حالیہ پانچ برسوں کے دوران ڈیرہ اسماعیل خان کی شوگر ملز کے فضلہ (effluent) اور صنعتی نکاس کا مستقل ماحولیاتی معائنہ کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی تمام شوگر ملز کا گزشتہ 05 سالوں کا ماپ کئے گئے آبی اور زمینی نمونوں (water & soil samples) کی رپورٹ، مخصوص آلودگی نشانیاں (BOD, COD, heavy metals) وغیرہ اور کن مقامات سے نمونے لیے گئے ان کی مکمل تفصیل شوگر مل وائز مہیا کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 04:31 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1708**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات وجنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈیرہ اسماعیل خان کی شوگر ملز سے نکلنے والے فضائی آلودگی کے بارے میں کیا کوئی فضائی معیار کی پیمائش (air quality monitoring) کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ اس کی فوری نگرانی کیلئے کیا اقدامات اٹھا رہا ہے اور اب تک کتنے مستقل فضائی مانیٹرنگ اسٹیشن نصب کئے جا چکے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 03:50 PM - Wed
**سوال نمبر Question # 2014**
**Sent to Dept Date:** Jan 22, 2026 - Thu
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر اوقاف، حج، مذہبی واقلیتی امور از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2020 میں قانون سازی کے ذریعے صوبے میں دہشتگردی سے متاثرہ اقلیتی برادری کے لیے انڈومنٹ فنڈ کا قیام عمل میں لایا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ قانون کے تحت قائم شدہ کمیٹی کے اب تک کل کتنے اجلاس منعقد ہوئے ہیں؟ آخری تین اجلاسوں کی روداد کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔